# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

## (شعبہ معاشیات)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چور کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علام اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: معاشیات(315)** **سمسٹر خزاں، 2026**

**سطح: انٹر میڈیٹ**

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرام)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ1تا5)

سوال نمبر1: رابنز کی معاشیات سے متعلق تعریف بیان کیجئے نیز اس تعریف کی خوبیاں بیاں اور خامیاں تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2: قانون تقلیل افادہ مختتم کی تعریف کیجئے نیز اس قانون کے مفروضات اور مستثنیات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3: نظام اسلامی معیشت اور اشتمالیت کی تعریف کیجئے نیز ان دونوں نظاموں میں فرق کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4: طلب میں تغیرات کی مختلف اقسام بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5: وقت کے لحاظ سے رسد کی مختلف اقسام بیان کیجئے نیز وہ کون سے عوامل ہیں جو رسد میں تبدیلی کا باعث بنتے ہیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ6تا9)

سوال نمبر1: زمین کے وسیع و عمیق استعمال پر ایک نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر2: تنظیم کی تعریف و اہمیت، ناظم کا مدعا اور فرائض، نیز اُس کے فیصلے، فوائد اور نقصانات پر ایک سیر حاصل بحث قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3: آبادی کی اہمیت بیان کیجئے نیز تفریط آبادی کے مسائل بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4: منافع کی تعریف کیجئے۔ نیز کل منافع، خالص منافع، نارمل منافع اور اُجارہ دارانہ منافع کے درمیان فرق کو واضح کیجئے نیز منافع سے متعلق مختلف نظریات پر مفصل بحث کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کیجئے۔ (10+10)

(الف) منڈی کا مفہوم اور اقسام (ب) مکمل منڈی اور غیر مکمل منڈی

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر3

## (یونٹ10تا14)

سوال نمبر 1: پیمانہ پیدائش سے کیا مراد ہے؟ نیز پیمانہ پیدائش کا تعین کرنے والے عوامل پر ایک بحث قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2: قانون تقلیل حاصل کی وضاحت گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے نیز اس قانون کا اطلاق کن شعبوں پر ہو سکتا ہے (20)

سوال نمبر3: پیمانہ کبیر سے کیا مراد ہے نیز پیمانہ کبیر کے فوائد اور نقصانات پر روشنی ڈالئے۔ (20)

سوال نمبر4: کفائتوں سے کیا مراد ہے نیز اندرونی اور بیرونی کفائتوں کا فرق مثالوں کی مدد سے واضح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5: مکمل مقابلہ کے تحت فرم کے توازن کی وضاحت مندرجہ ذیل صورتوں میں کیجئے۔ (10+10)

(الف) جب فرم معمولی نفع کما رہی ہو (ب) جب فرم معمولی نقصان اُٹھا رہی ہو۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر4

## (یونٹ15تا18)

سوال نمبر 1: اُجارہ دارانہ مقابلہ کے تحت فرم کے توازن کو وضاحت ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے نیز اس کے نقصانات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2: حقیقی اُجرت کی تعریف کیجئے نیز اس کا تعین کرنے سالے عوامل بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3: اسلامی نظام معیشت سے کیا مراد ہے نیز اسلام کے پیش کردہ فلاحی ریاست کے تصور کی خصوصیات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4: لگان کی تعریف کیجئے نیز ریکاڈو کا نظرہ لگان کی وضاحت کیجئے۔ نیز اس نظریہ کے مفروضات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5: زکوۃ عشر کا مفہوم بیان کیجئے نیز نصاب زکوۃ اور مصارف زکوۃ پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)